# Evening Urdu News Bulletin

## 0740PM

## 22 July 2026

<u>**ہیڈلائنز**</u>

**﴾....* لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کا جموں وکشمیر کو منشیات سے چھٹکارا دلانے کیلئے سماج کے سبھی طبقوں کے موثر رول پر زور۔**

**﴾....* وزیراعلیٰ عمرعبداللہ نے جموں وکشمیر میں لگاتار بارشوں سے پیداشدہ صورتحال کا لیا جائزہ۔**

**﴾....* جموں اور سرینگر شہروں میں 2ارب 25کروڑ روپے لاگت سے ایک ایک یونٹی مال تعمیر کرنے کو منظوری۔**

**اور**

**﴾....* پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی حزب اختلاف کے احتجاج کے چلتے آج بھی رہی متاثر۔**

**ایل جی منشیات**

**لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہاہے کہ جموں وکشمیر کو منشیات سے چھٹکارا دلانے کیلئے سماج کے سبھی طبقوں کو اپنا رول ادا کرنا چاہئے۔ دوردرشن نیوز سرینگر کے جہاں بین پروگرام میں ایک خصوصی انٹرویو کے دوران انہوں نے کہا کہ اس بدعت کا قلع قمع کرنے کیلئے مختلف سطحوں پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ ایل جی نے کہا کہ سپلائی چین کو توڑنے، لوگوں میں زیادہ سے زیادہ بیداری پیدا کرنے نیزمنشیات میں پھنسے نوجوانوں کی بازآبادکاری کو یقینی بنانے کی طرف خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔**

**ایل جی میڈیکیئر**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے آج سرینگر میں والنٹری میڈیکیئر سوسائٹی کا دورہ کرکے وہاں منتظمین اور پیرا ایتھلیٹس کے ساتھ بات چیت کرکے جموں کشمیر کے دیویانگ جن کو بااختیار بنانے سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ یہ ادارہ پچھلی پانچ دہائیوں سے جسمانی طور خاص افراد کی بہبودی کیلئے بے مثال خدمات انجام دے رہاہے۔اس موقعہ پر لیفٹنٹ گورنرنے کہاکہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت مینمرکزی حکومت اس طبقے کی بہبودی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔**

تصادم

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ لالچوک اننت ناگ میں پولیس ہیڈ کانسٹیبل عاشق حسین قریشی کی ہلاکت مینملوث دہشتگردوں کو جلد از جلد کیفرکردار تک پہنچایا جائےگا.ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں منوج سنہا نے اس حملے مینجانبحق ہیڈ کانسٹیبل کے لواحقین کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ ادھروزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں اس حملے کی مذمت کرتے ہوئے مارے گئے ہیڈ کانسٹیبل کے سوگواروں کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے.واضح رہے آج بعد دوپہر ہوئے اس حملے کے فوراً بعدعلاقے مینسیکورٹی فورسز نے تلاشی کارروائی شروع کی جو آخری اطلاعات ملنے تک جاری تھی ۔

خراج عقیدت

ہمارے اننت ناگ کے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ بعد میں ڈسٹرکٹ پولیس لائنز اننت ناگ مینہیڈکانسٹیبل عاشق حسین کی میت پر گل دائرے چڑھاکر انہیں خراج عقیدت ادا کیا گیا۔ اس تقریب میں ڈی جی پی، اے ڈی جی پی، آئی جی پی کشمیر، ڈی آئی جی
ساو

---

تھ اور ایس ایس پی اننت ناگ موجود تھے۔ؑ

الطاف ٹھاکر

بی جے پی جموں وکشمیر کے ترجمان الطاف ٹھاکر نے اننت ناگ میں ہوئے دہشت گردانہ حملے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایک پریس بیان میں انہوں نے کہا کہ اس حملے میں ملوث قصورواروں کے خلاف سخت کارروائی کی جانی چاہئے۔

عمرعبداللہ

وزیراعلیٰ عمرعبداللہ نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جموں وکشمیر بھر میں لگاتار بارشوں اور سیلاب سے پیداشدہ صورتحال کے بعد بحالیاتی کاموں، ریلیف اقدامات اور مختلف محکموں کی تیاریونکا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ نے متعلقہ محکموں کو ہدایات دیں کہ وہ انتہائی تیاری کی حالت مینرہیں، تاکہ پیداشدہ صورتحال کا آسانی سے مقابلہ کیا جاسکے۔ انہوں نے سیلاب سے نمٹنے کیلئے طویل مدتی اقدامات اختیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیراعلیٰ نے جموں اور کشمیر کے ڈویژنل کمشنروں کو ہدایت دی کہ وہ سیلاب سے زیادہ متاثرہ ضلعوں کا دورہ کرکے زمینی صورتحال کا جائزہ لیں۔ انہوں نے کہا کہ ضرورت کی اس گھڑی میں لوگوں کیلئے بجلی، پانی، طبی نگہداشت اور سڑک رابطوں جیسی اہم سہولیات کی دستیابی کی طرف خصوصی توجہ دی جانی چاہئے۔

**سی ایم بڈگام**

**وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے آج بیروہ بڈاگام میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کر کے وہاں نقصانات کا جائزہ لیا۔ بڈگام سے ہمارے نمائندے شوکت شاہ نے خبر دی کہ وزیراعلیٰ نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ متاثرین کی باز آباد کاری کیلئے تمام اقدامات کریں۔ بعدمیں میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا**

**نائب وزیراعلیٰ**

**نائب وزیراعلیٰ سریندر کمار چودھری نے آج راجوری ضلع کے سیلاب سے متاثرہ بیلا علاقے کا دورہ کرکے وہاں صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے افسروں اور فیلڈ عملے کو ہدایات دیں کہ وہ بحالیاتی کام میں تیزی لائیں اور لازمی خدمات کو جلد ازجلد بحال کریں تاکہ لوگوں کی راحت رسانی ہوسکے۔بعد میں ایک میٹنگ کے دوران انہیں بتایا گیا کہ سیلاب کی وجہ سے 157پی ایم جی ایس وائی سڑکیں اور 131واٹرسپلائی سکیمیں تباہ ہوگئی ہیں۔**

**سکینہ ایتو**

**صحت اور طبی تعلیم کی وزیرسکینہ ایتو نے کولگام میں ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں پیداشدہ سیلابی صورتحال اور ناسازگار موسم کے چلتے مختلف محکموں کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ کسی بھی صورتحال کا مقابلہ کرنے کیلئے اپنی افرادی قوت اور مشینری کو متحرک کریں۔انہوں نے کہا کہ اس صورتحال کے دوران لوگوں کی راحت رسانی کی طرف خصوصی توجہ دی جانی چاہئے۔بعد میں ہمارے نمائندے خورشید پڈرو کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے کہا۔**

**جاوید رانا**

**جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانانے کھیل کود کے وزیر ستیش شرما کے ہمراہ آج راجوری ضلعے میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کرکے وہاں ریلیف اور باز آباد کاری کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متاثرہ لوگونکے ساتھ بات کی اور یقین دلایاکہ حکومت ان کی باز آباد کاری کیلئے ہر ممکن اقدامات کرے گی۔**

**بارشیں**

**محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کے عین مطابق جموں وکشمیر کے مختلف علاقوں میں آج بھی وقفہ وقفہ سے ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارشوں کا سلسلہ جاری رہا۔ اگرچہ یہ بارشیں زرعی شعبے کیلئے سود مند مانی جاتی ہیں تاہم مختلف مقامات پر ان بارشوں سے پیداہوئی سیلابی صورتحال سے قیمتی جانیں تلف ہونے کے ساتھ ساتھ بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچا۔**

**ایک رپورٹ کے ساتھ ہمارے نمائندے۔**

**مختار احمد**

دریں اثناءابھرتی ہوئی موسمی صورتحال کے تعلق سے سرینگر میں محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

**ٹریفک**

سرینگر جموں قومی شاہراہ پر آج شدید بارشوں کی وجہ سے مختلف مقامات پر پسیاں اور پتھر گرآئے جس کے نتیجے میں شاہراہ کو آج صبح ٹریفک کی آوآجائی کیلئے بند کردیاگیا۔ ہمارے نمائندے نے SSP ٹریفک قومی شاہراہ راجا عادل حمید کے حوالے سے خبر دی ہے کہ شاہراہ کو قابل آمد ورفت بنانے کیلئے افرادی قوت اور مشینری کو کام پر لگادیاگیاہے ، تاہم حکام نے مسافروں سے اپیل کی ہے کہ وہ موسم میں بہتری آنے اور شاہراہ کو قابل آمد ورفت بنانے تک سفر کرنے سے گریز کریں۔

**حادثہ**

سرینگر۔ جموں قومی شاہراہ پر رام بن ضلعے میں گانگروں کے مقام پر آج ایک بڑا پتھر ایک ٹیمپو پر گرنے کی وجہ سے میاں بیوی جانبحق اور 3دیگرافرادزخمی ہوئے ہیں۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ یہ ٹیمپو سرینگر سے ڈوڈہ جارہاتھا۔ حادثے کی خبر ملتے ہی بچاؤ ٹیمیں جائے حادثہ پر پہنچ گئیں اور زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال پہنچایا۔ تمام متاثرین کا تعلق کاستی گڑھ ڈوڈہ سے بتایا جاتا ہے۔

**یاترا معطل**

موسمی صورتحال کے تناظر میں شری امرناتھ جی یاترا آج چوتھے روز بھی معطل رہی۔کولگام کے ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ جموں کے بھگوتی نگر یاتری نواس اور پاس میں قائم ایک آشرم میں 6ہزارکے قریب یاتری اس وقت قیام کررہے ہیں، تاہم کسی بھی یاتری کو آج وادی کی طرف آنے کی اجازت نہیندی گئی۔یاترا کی بحالی کا فیصلہ موسم میں بہتری آنے کے بعد لیا جائے گا۔

**شاہین**

جنتا دل یونائیٹیڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ مختلف علاقوں میں لوگوں کو فوری ریلیف فراہم کی جانی چاہئے۔ انہوں نے تمام لازمی خدمات کی بحالی پر بھی زور دیا۔

**سی ایم**

**سرکار نے جموں اور سرینگر شہروں میں ایک ایک یونٹی مال تعمیر کرنے کے منصوبے کو منظوری دی ہے۔اس منصوبے کی عمل آوری پر 225کروڑ روپے کی لاگت آئے گی۔وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اپنے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ ان پروجیکٹوں کی بدولت مقامی ٹیگ والی اشیاءکو مزید فروغ دینے کیلئے ایک GIدستکارونکو اپنی مصنوعات کی نمائش اور منظم پلیٹ فارم دستیاب ہوگا۔عمرعبداللہ نے کہاہے کہ اس سے سیاحت اور تجارت کو فروغ ملنے کے علاوہ روزگار کے مواقعے بھی پیدا ہوں گے۔**

**پارلیمنٹ**

**پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی آج نیٹ پیپر لیک معاملے سمیت دیگر معاملات کو لیکر حزب اختلاف کے احتجاج کے بیچ دوپہر2بجے تک کیلئے ملتوی کرنا پڑی۔ لوک سبھا کی کارروائی جب پہلے التویٰ کے بعد دوپہر 12بجے دوبارہ شروع ہوئی تو حزب اختلاف نے پیپر لیک معاملے پر احتجاج جاری رکھا۔**

**سپیکر اوم برلا نے حزب اختلاف سے اپیل کی کہ وہ ایوان کی کارروائی کو چلانے میں اپنا تعاون دیں۔ تاہم انہوں نے اپنا رویہ جاری رکھا جس کے بعد کارروائی کو 2بجے تک کیلئے ملتوی کیا گیا۔ راجیہ سبھا میں بھی اسی طرح کے مناظر دیکھنے کو ملے۔**

**ڈپٹی چیئرمین ہری ونش نے کئی مرتبہ وقفہ سوالات چلانے کی کوشش کی تاہم حزب اختلاف نے نعرہ بازی جاری رکھی جس کے بعد کارروائی کو ملتوی کیا گیا،تاہم بعد میں دونوں ایوانوں کی کارروائی کو پورے دن کیلئے ملتوی کیاگیا۔**

**کرن رجیجو**

**پارلیمانی امور کے وزیرکرن رجیجو نے کہا ہے کہ حکومت پارلیمنٹ کے مون سون اجلاس کے پہلے دن سے ہی نیٹ امتحان پیپر لیک کے معاملے پر بحث کیلئے تیار ہے۔**

**پارلیمنٹ احاطے میں آج میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ بات واضح ہونی چاہئے کہ بحث کن قوانین کے تحت ہو۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے اس معاملے پر کھلے بحث کیلئے حزب اختلاف کی جماعتوں کو دعوت دی ہے۔ لیکن انہوں نے ایسی رکاوٹیں کھڑا کردیں جن سے لگ رہاہے کہ وہ بات چیت میں شامل نہیں ہونا چاہتے ہیں۔**

**نیشنل کانفرنس**

**نیشنل کانفرنس کے صوبائی صدر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کے ریاستی درجے کی بحالی نہ صرف آئینی تقاضا ہے بلکہ خطے میں بہتر طرز حکمرانی اور عوامی مسائل کے بروقت حل کیلئے ناگزیر ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مرکزی سرکار نے پارلیمنٹ اور سپریم کورٹ میں جموں کشمیر کا سٹیٹ ہُڈ بحال کرنے کی یقین دہانیوں کے باوجود ابھی تک وعدہ پورہ نہیں کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر کا سٹیٹ ہُڈ جلد از جلد بحال کیا**

جانا چاہئے۔دریں اثنا پارٹی کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے سعدہ کدل کے معروف تاجر عبدالرشیدشاہ کی اہلیہ کے انتقال پر دُکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔

**بی جے پی جموں**

بی جے پی جموں وکشمیر کی طرف سے آج شہدی چوک جموںمیں کانگریس دفتر کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما کی قیادت میں منعقدہ اس احتجاج میں پارٹی کارکنوں نے کانگریس قیادت پر الزام لگایا کہ وہ سیاسی غیر استحکام سے کام لیکر نوجوانوں کو گمراہ کررہی ہے۔اس موقعے پر جمہوری اقدار کی پاسدار کرنے کے بی جے پی کے عزم کو دہرایا گیا۔

**چیف سیکریٹری**

وکاس Audiogik چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج سرینگرمیں ایک میٹنگ کے دوران بھارت یوجنا کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔انہوں نے مرکزی سرکار کی اس فلیگ شپ سکیم کی موثر عمل آوری کیلئے صحیح منصوبہ بند ی اور لازمی اقدامات کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

**اشونی ویشنو**

بھارتی ریلوے نے سال 2025-26کے دوران ریل رابطوں کو بہتر بنانے کیلئے چار نئی ریلی گاڑیوں کو تعارف کیا جن میں جموںٹوپژن کی دو وندے بھارت ایکسپریس ریل گاڑیاں بھی شامل ہیں۔ یہ جانکاری ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے آج لوک سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں دیا۔

**بی جے پی**

بی جے پی نے کہا ہے کہ مرکزی سرکار ملک کے نوجوانوں کے مستقبل کو تحفظ دینے کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔ نئی دلی میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بی جے پی کی ممبر پارلیمنٹ بانسوری سوراج نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی سربراہی والی حکومت نوجوانوں پر مبنی ترقی کو وکست بھارت کے خواب کو
شرمندہ

---

استعمال کررہی ہے۔Mantra تعبیر کرنے کے لئے بطور ۂ

انہوں نے کہا کہ نیٹ کا دوبارہ امتحان 37دنوں میں منعقد کیا گیا اور نتائج 25دنوں مینظاہر کئے گئے۔ موصوفہ نے کہا کہ حکومت نے نیٹ پیپر لیک معاملے میں فوری کارروائی کرتے ہوئے 13ملزمین کو گرفتار کرکے انہیں جیل بھیج دیا۔

## عرس

وادی کی تمام خانقاہوں میں صفرالمظفر کے مقدس مہینے کے ساتھ ساتھ عرس مبارک حضرت محبوب العالم شیخ حمزہ مخدوم رحمتہ اللہ علیہ کے سلسلے میں تقریبات کا انعقادہوا۔ اس تعلق سے سب سے بڑی تقریب سرینگر کے تاریخی خانقاہ معلی میں منعقد ہوئی۔

## موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پردرمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت20ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت17.7ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24.8 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت22.4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 36 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر39منٹ پر ہو گا۔